# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 18-جولائی 2017

**چاروں صوبوں اور اسلام آباد سیکرٹریٹ سے تعلق رکھنے والے گریڈ 18 کے 29 افسران کی 6 ہفتوں پر محیط ٹریننگ کا آغاز۔**

اسلام آباد سیکرٹریٹ سے ڈپٹی ڈائریکٹر اور چاروں صوبوں سے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز پر مشتمل 29 افسران کی 6 ہفتوں پر محیط جامع الیکٹورل مینجمنٹ کورس کا آغاز آج فیڈرل الیکشن اکیڈمی اسلام آباد میں ہوا۔ اس ٹریننگ کا افتتاح قائم مقام سیکرٹری الیکشن کمیشن ظفر اقبال صاحب نے کیا اس موقع پر تربیت حاصل کرنے والے چھٹے بیچ کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ **عام انتخابات** 2018ء کے سلسلے میں موجودہ ٹریننگ کورس ضلع اور ڈویژن میں تعینات الیکشن کمیشن کے افسران کے لئے نہایت اہم ہے۔ کیونکہ اس طویل ٹریننگ کے دوران ان افسران کو لیگل فریم ورک، حلقہ بندی، جینڈر اور الیکشن کے اہم امور پر ٹریننگ دی جائے گی۔ اور ان کو عملی مشقیں بھی کراوئیں جائیں گی۔ اس ٹریننگ کا مقصد ان افسران کو عام انتخابات 2018ء کے لئے اس طرح تیار کرنا ہے کہ وہ ان انتخابات میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں اور اس الیکشن کو صاف وشفاف اور غیر جانبدار بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

واضح رہے کہ اس سے پہلے گریڈ 17 کے 57 افسران، گریڈ 18 کے 55 افسران اور گریڈ 19 کے 21 افسران EMC کی تربیت حاصل کر چکے ہیں- اس تربیتی کورس کا مقصد آئندہ عام انتخابات، 2018 کے حوالے سے فیلڈ آفیسرز کی تربیت کرنا ہے تاکہ آئندہ الیکشن، صاف، شفاف اور غیر جانبدارنہ اور موئثر ثابت ہو سکیں-

☆☆☆☆☆☆☆